The Indian reply was not wholly unexpected. The inordinately long time that Delhi was taking in responding to the Pakistani initiative for talks had led many observers to conclude that the Indian reply would be anything but positive. As 'the Economist' put it, the Delhi Declaration "was like a cleverly constructed letter-bomb". At first sight the offer to release the prisoners looked like a positive gesture, because it no longer insisted on the prior recognition of Bangladesh by Pakistan. But a closer study revealed that the original condition had been replaced by new and more difficult ones. In return for the release of prisoners, Pakistan was asked to accept 2,60,000 non-Bengalis of Bangla desh and recognise the Dacca authorities' right to try 195 of the POWs for alleged war crimes. Pakistan has from the very beginning based its stand on the Geneva Conventions which call for immediate and unconditional release of the POWs. It could not be expected to agree to these conditions. In fact, it would have been fully justified in rejecting the crude Indian attempt to trade in human flesh and make political capital out of humanitarian issues. But in the spirit of the Simla Agreement Pakistan made a positive reply, inviting India to send its representatives to *Islamabad to discuss the Declaration and other Issues.*

NOT SINCERE

It now appears that in offering to release the prisoners India was not at all sincere and only meant to placate mounting world criticism against the continued detention of Pakistani POWs. This is borne out by the range of reactions the Pakistani initiative evoked in Delhi. At first news came from the Indian capital that the Pakistani response was "under detailed examination and earnest consideration." This was on April 22. On April 24 Mr. Swaran Singh, the Indian Foreign Minister, speaking in Parliament characterised Pakistan's reply as "unsatisfactory", but added that India would refrain from taking a "negative stand". On April 25, inspired reports emanating from Delhi quoted "informed sources" as saying that unless Pakistan accepted the principle of a simultaneous three-way exchange of prisoners and civilian populations, there was no likelihood of a resumption of Indo-Pak talks. On April 29 the Indian Prime Minister, speaking to newsmen in Delhi, said that an Indian representative would be sent to Islamabad for talks. On May 3, Mr. Surendra Pal Singh, Minister of State for Foreign Affairs, told Parliament that there was "no question of India taking any initiative" to break the deadlock in Indo-Pak talks. And, as a Pakistan Foreign Office spokesman said on May 11, India finally rejected the Pakistan offer of talks, asking Islamabad first to accept the Delhi Declaration *in toto.*

One cannot but view with suspicion India's intriguing reluctance to resume the dialogue begun at Simla. Needless to emphasise, the only way to solve the current impasse in inter-State relations in the area is to hold meetings and discussions — the only vehicle through which misunderstandings can be cleared and compromise solutions found. But India, since the summit-level talks in Simla in June, 1972, has persistently refused to hold talks with Pakistan, spurned a series of Pakistani proposals to get negotiations under-way at different levels as envisaged in the Simla Agreement, and regularly come up with new sets of conditions to introduce new complications in the situation. During the past four months President Bhutto has invited Mrs. Indira Gandhi again and again to come to Pakistan for talks, but the Indian reply has been invariably negative. On February 2 this year President Bhutto wrote a letter to Mrs. Indira Gandhi suggesting a summit meeting to surmount the obstacles in the way of normalisation of relations and establishment of durable peace in the region. But India chose not to reply to this offer. Again, on March 15, President Bhutto invited Prime Minister Indira Gandhi for talks; the response this time also was stony silence. Mr. Bhutto's latest offer of talks to Mrs. Gandhi was made on April 15. As usual, there was no response from Delhi. "The way to a detente in the Sub-Continent lies through discussions and debate", Mr. P. N Haksar recently remarked. Why then is India avoiding talks with Pakistan?

CHANGED TACTICS

In recent months, in view of the mounting world criticism of its policies, India has changed its tactics in its dealings with Pakistan, but its objective remains unswervingly the same: to extract political concessions from Pakistan. The price that it demanded until recently for the release of prisoners was Pakistan's recognition of Bangladesh and an overall political settlement favourable to India. Now Pakistan is being asked to accept 2,60,000 non-Bengalis and recognise Dacca's right to try POWs for war crimes as a price for the release of prisoners. India's insistence on the prior



acceptance by Pakistan of a simultaneous three-way exchange of prisoners and civilians is simply preposterous. The release and repatriation of Pakistan POWs is in no way related to the problem of non-Bengalis in Bangladesh and Bengalis in Pakistan. While it is India's responsibility under international law to release the POWs without further delay, the latter problem can be settled bilaterally between Pakistan and Bangladesh. The Bengalis living in Pakistan cannot in any way be equated with the Pakistani POWs in India. Unlike the Pakistani prisoners in India, they are free to go to Bangladesh any time they want. It is, in fact, Dacca's intransigence and refusal to talk to Pakistan that has been preventing them from returning to the land of their birth. As it is, Bangladesh has not yet arranged transport for the 15,000 Bengalis whose exit permits Pakistan has deposited with the ICRC.

The problem of non-Bengalis in Bangladesh too has nothing to do with the POWs' release. They migrated from India in 1947 and adopted East Pakistan as their home. During the past 25 years they have made a sterling contribution to the development of what is now Bangladesh, and they have every right to live in the land of their choice. If some of them want to come to Pakistan, it is because they have been leading a most miserable life since the birth of Bangladesh and have been unceasingly persecuted by the Mukti Bahini hordes. The solution of their problem does not lie in dumping them in Pakistan where they will be faced with innumerable problems in starting life anew, but in creating conditions in which they can live securely and honourably in Bangladesh. India's aim in linking this issue with the release of the POWs is no other than to complicate the situation further so that the world's attention can be diverted from its flagrant violation of the Geneva Conventions and exploitation of a basically humanitarian issue for political purposes.

After Pakistan's [illegible] warnings that the trial of its soldiers for alleged war crimes would mean a point of no return, the Indo-Bangladesh stand on the issue, as spelled out in the Delhi Declaration, seems to be a deliberate attempt to sabotage the prospects of peace in the region. As Pakistan has pointed out time and again, Bangladesh is neither legally competent nor has any moral right to try Pakistani soldiers. The Indo-Bangladesh joint command is a myth; the Pakistani soldiers in the eastern theatre surrendered to the Indian army and have since been in India's custody. At the time the surrender document was signed Bangladesh did not exist; that is the reason why the document does not carry the signature of the representative of Bangladesh. As it is, President Bhutto has offered to constitute a tribunal with international representation for trying any soldiers against whom concrete evidence is available. The atmosphere in the Sub-Continent is already saturated with hatred, bitterness and misunderstanding. War crimes trials will for ever darken the future of peace in the region. For, once the kangaroo trials begin in Dacca, the Pakistan Government will no longer be able to hold its hand and will have to, under public pressure, bring to trial those Bengalis who are known to have indulged in subversion, espionage and other anti-Pakistan activities. Cannot India see that its short-sighted policy of obtaining temporary political gains threatens to permanently damage the future of 700 million people in the region?

The intransigence of the Delhi-Dacca tandem has now compelled Pakistan to appeal to the International Court of Justice for adjudication. The Pakistan Government has requested The Hague to adjudge and declare that under Article VI of the Convention on the Prevention and Punishment of the Crime of Genocide of 9 December 1948, Pakistan has an exclusive right to exercise jurisdiction over the 195 Pakistani nationals accused of committing offences on Pakistan territory and that Bangladesh is not competent to hold the trials. Pakistan has also asked for a ruling that India has no right under international law to transfer any number of POWs to Bangladesh. Pakistan has contended that even if India can legally transfer the POWs to Bangladesh, the trials would not be fair, because the atmosphere of hatred prevailing in Bangladesh will neither allow the constitution of a competent tribunal within the meaning of Article VI of the Genocide Convention nor permit the judges to perform and function in accordance with the accepted international standards of justice. The Court has also been requested to declare that the continued detention of the POWs by India is illegal and that the process of repatriation of prisoners of war and civilian internees in accordance with international law which has already begun should not be interrupted by virtue of charges of genocide against a certain number of individuals detained in India.

NO JUSTIFICATION

As the International Committee of Jurists have pointed out, India is not justified in holding the Pakistani POWs nor has Bangladesh any right to try Pakistani nationals for war crimes. India will indeed find it very difficult to justify its stand on the POWs' issue at The Hague. During the past 16 months it has used all kinds of ruses to impose an unequal settlement on Pakistan but has failed because we have resolutely refused to surrender our vital national interests and compromise on principles. The Simla Agreement has failed to fulfil its promise primarily because India has put its national interests above the imperatives of peace. Meanwhile, millions of people have continued to suffer terribly in the Sub-Continent. Time has indeed come for India to rise above narrow political considerations and take a long-term view of the problems in the region. The present disputes, if left unsolved for long, will sow undying hatred in the minds of the coming generations. Does this frightening prospect figure in New Delhi's political calculations?

Nizamuddin Aulia

By INAM MOHAMMAD

SULTANUL AULIA, Sultan-al-Salateen Shaikh Hazrat Khwaja Nizamuddin Aulia, whose death anniversary is being observed today was one of the greatest mystics in the sub-continent during 13th Century, A.D. His lineage is traced to Hazrat Ali.

His maternal grand-father, Hazrat Syed Arab, and paternal grand-father, Hazrat Khwaja Syed Ali, migrated from Bokhara to Lahore because hordes of Mongols raided, plundered, and overran the area. After some time the family shifted to Badayun.

The saint was born at Badayun. He was named Syed Ahmad. He received his early education at Badayun. Then he shifted to Delhi, which was the cultural and religious centre of learning. He became a disciple of Maulana Shamsuddin Damghani, a leading theologian and saint of his time. He also attended lectures given by Maulana Kamaluddin Zahid. Co-incidentally he stayed in a "khanqa" and shared the room with the brother of Hazrat Baba Fariduddin Ganj Shakar of Pakpattan. He became keen to meet Baba Farid and left for Pakpattan.

On 13th Ramzan 664 A. H. (1258 A.D.) the Khilafat Nama was given to him, and he was named Nizamuddin Mehboob-e-Ellahi. Hazrat Nizamuddin left for Delhi under the instructions of Baba Farid, and settled down in one of the suburbs of Delhi called Ghiaspur, and carried on his work of spreading Islam. Hazrat Nizamuddin became popular even in the remote parts of the country for his piety, religious knowledge, devotion, sense of service to the people, prayers.

Millions of Muslims came into his fold. Islam spread rapidly due to his preachings.

One of the most prominent followers of Hazrat Nizamuddin Aulia was Hazrat Amir Khusro. Hazrat Nizamuddin Aulia died on the 18th of Rabi-ul-Sani, 725 A. H. (1329), and he was buried at Ghiaspur.

A number of books have been written about the discourses, discussions, and sayings of Hazrat Nizamuddin Aulia. In this connection Fawaid-al-Fawaid, Fazal-al-Fawaid, Rahatul Mohabeen and Seerul Aulia may be particularly mentioned. After the death of Hazrat Nizamuddin Aulia Mehboob-e-Ellahi, the Khilafat was passed on to Khwaja Naseeruddin Chiragh Delhi.

Morocco-Spain 'Sardine war' danger grows

From William Cemlyn-Jones

MADRID (By Air Mail): Spain and Morocco are on the brink either of a war or a mutually profitable commercial treaty, but no one either in Madrid or Rabat seems to know which.

The Moroccan Foreign Minister, M. Benhima, presented a personal letter from King Hassan to Generalissimo Francisco Franco recently and piously expressed his belief in the fundamental friendship between the two countries.

"Our differences are only of secondary importance," explained M. Benhima to his Spanish opposite number, Senor Gregorio Lopez Bravo. A few hours earlier, a Spanish destroyer had fired across the bows of a Moroccan gunboat and the "sardine war" over Morocco's new fishing limits was on the point of escalating into a naval battle off north-west Africa.

Although scarcely credible, it is a fact that King Hassan did not [illegible] the [illegible] actions of his coastguard forces while his Foreign Minister was engaged on what was presumably a cooling-off mission in Spain.

The facts regarding naval confrontation have not been fully [illegible] of the [illegible]

CONTD

[illegible] It was reported, for example, that the captain of the Moroccan patrol launch, which had arrested a Spanish trawler and taken her [illegible] aboard, threatened to shoot the Spanish fishermen if the Spanish destroyer which had rushed to the scene did not immediately cease firing and withdraw from the area.

Press censorship in Morocco appears to be absurd in a country where 85 per cent of the population are illiterate and the remaining 15 per cent are either left-wing intellectuals or wealthy reactionaries, neither of whom are likely to be influenced by what is published in the local newspapers.

SOUND BASIS

There are sound and sensible grounds for an agreement between Spain and Morocco. Morocco's most important export is phosphates, and her somewhat shaky economy depends on that valuable mineral. But on her southern border is the vast desert area of Spanish Sahara, which contains the world's largest known deposits of phosphates. Morocco, as well as two other Islamic nations, Algeria and Mauritania, has claimed this formerly worthless barren area inhabited only by an estimated 25,000 nomadic tribesmen.

A Spanish-Moroccan pact, involving a business deal to develop the phosphates, would obviously be in the best interests of both countries. As far as the Spanish enclaves of Ceuta and Melilla are concerned, it is no secret that King Hassan would be prepared to accept a face-saving formula admitting Morocco's basic sovereignty. Regarding the Sardine War, General Franco and his Cabinet are more than eager to reach a settlement.

It is admitted, unofficially, in Madrid that Spain's southern fishing fleet is obsolete and new deep-water trawlers, with parent ships equipped with deep-freeze compartments, are urgently needed. But such a vast fishing boat-building programme requires Government subsidies and cannot be completed overnight—it would be a five to 10-year project co-ordinated with United Nations plans to preserve the world's fisheries in accordance with ecological principles.

Morocco's equally ill-equipped fishing fleet can harvest only an estimated 50 per cent of the permitted catch within the recently-announced 70-mile limit. Spain is ready to accept King Hassan's unilateral decision to extend his country's territorial waters from 12 to 70 miles, but hopes to be allowed to co-operate in the interim period and would be happy to invest capital in Morocco in order to establish fish-canning factories in that country.

There would seem to be a practical deal on the horizon between two neighbouring states separated only by the Straits of Gibraltar. But it is a deal which could easily be sunk if gunboat captains insist on following Nelson's order to "engage the enemy more closely".—*PT—Observer* Service.

PEOPLE'S CAR

4 manufacturers offer collaboration

FROM KARACHI

MAY 10: Four international automobile manufacturers have offered to the newly-formed People's Car Corporation to collaborate in the People's Car Project.

The four manufacturers are Renault (France), Volkswagen (West Germany), Toyota (Japan) and Ford (England).

The people's car concept is based on progressive manufacture of a chassis for a multi-purpose light transport vehicle bearing a reasonable price.

According to a [illegible] of the [illegible] the offers were called three months ago.

گالیاں

سُنا ہے کوئی بات ایک ... کام سے کہیں جا رہا تھا [illegible] کہ دیکھا تو [illegible] مذاق کی ... [illegible] بات کو ... [illegible] ان بات ... [illegible] [illegible] ... اس وقت ... [illegible] ... موسیقی ... اسی وقت واضح ہوتی ہے جب مخاطب سُننے والا کوئی دوسرا ہو۔ البتہ دنیا سراسر ایسے لوگوں سے بھی خالی نہیں جو گالیاں کھا کے بے مزا ہونے کے بجائے مسکرا کے فرماتے ہیں۔ ع

اللہ کرے زورِ سخن اور زیادہ

گالی کوئی حقیر و ذلیل اور بازاری شے نہیں ہے۔ اس کا درجہ اتنا ہی بلند ہے جتنا کسی دلنواز نغمے یا دل موہ لینے والے شعر کا۔ گالیاں عظیم شعرا کے وہ جادو بھرے ارشادات ہیں جو ایک زمانے سے گنگنائے جا رہے ہیں اور ابھی تک اُن کے نغموں کی گونج میں ذرہ برابر کمی نہیں آئی ہے۔ صبح سے شام تک دن میں سینکڑوں بار ہم ایک ہی گالی مختلف افراد کی زبانی سنتے ہیں اور ہر بار ایک نیا لطف، ایک نئی لذت اس میں پاتے ہیں۔ میں گالیوں کو ادبِ لطیف کا وہ گرانقدر سرمایہ جانتا ہوں جو لازوال ہے جس کی تعریف، کلاسکیت اور دلکشی کسی زمانے میں کم ہوئی ہے اور نہ خدانا کردہ آئندہ ہوگی۔ میر کے اشعار میں نشتریت سہی، مرزا کے شعر میں حقیقت اور لافانیت سہی، حسرت کے کلام میں ترنم اور تغزل سہی لیکن ذرا انصاف سے کہیے کیا وہ بات بھی ہے جو ان نامعلوم حضرات کی برجستہ اور بے محنت گالیوں میں ہے۔ کسی اچھے شعر کو دس بار پڑھ لیجیے جب آپ گیارہویں بار اسے پڑھیں گے تو وہ کچھ بے اثر سی معلوم ہوگی لیکن کسی اچھی گالی پر مسلسل دو سال ریاضت کیجیے اور توفیقِ ایزدی سے اس قابل ہو جائیے کہ الفاظ اپنے صحیح مخرج سے ادا ہوں، پھر دیکھیے اگر آپ اسے تکیہ کلام بھی بنا لیں گے تو نہ صرف آپ کو بلکہ دوسروں کو بھی اس کی تکرار کا احساس تک نہ ہوگا۔

ع جس طرح کا بھی کسی میں ہو کمال اچھا ہے

کہتے ہیں مرد کی موت نامرد کے ہاتھوں اور فن کی بے قدری اناڑی کے ہاتھوں ہوتی ہے۔ جس طرح مذہب کو نقصان پہنچانے میں مخالفین سے زیادہ خود اس کے ماننے والوں کا ہاتھ رہا ہے۔ اسی طرح گالیوں کی بے توقیری کے ذمے دار بھی وہی لوگ ہیں جو اس فن میں خاطر خواہ محنت اور جگرکاری کے بغیر سخن سرائی کر بیٹھے اور دولت ... اس کی آبرو کو بٹہ لگا دیا۔ ع اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

میں قسم نہیں کھاتا لیکن یہ بات قسم کھا کے کہنے میں بھی مجھے باک نہیں کہ اگر دشنام طرازی محض اصلی ظرف اور پختہ طبیعت حضرات کا شیوہ رہتا تو آج یہ ادارہ ادب کے ہر ادارے پر غالب آتا۔ اسے گالی کی بدنصیبی سمجھیے یا میری اور اپنی شومیِ قسمت کہ ہر کس و ناکس، اللو پنجو، ایرے غیرے، نتھو خیرے نے گالی کو اپنے باپ کی میراث سمجھ کر غلط سلط جا و بے جا استعمال کیا ہے۔ کثرت ہر چیز کی بری ہوتی ہے۔ گالیاں بھی کثرتِ استعمال سے اپنی آب و تاب، چمک دمک، اور عزت و حرمت کھو بیٹھیں۔ ع

بدنام کنندہ نکونامے چند

ے کہ بدنام کند اہلِ خرد را غلط است
بلکہ بدنامی شود از صحبتِ ناداں بدنام

غالب نے اپنے ایک دوست کو لکھا تھا: حضرت میں شکوے کا برا نہیں مانتا مگر شکوے کے فن کو میرے سوا کوئی نہیں جانتا۔ یہی بات میں گالی کے لئے کہنا چاہتا ہوں۔ شکوے کا کمال یہ ہے کہ جس شخص سے کیا جائے وہ لاجواب ہو جائے، گالی کا کمال یہ ہے کہ جسے پیش کی جائے اس پر سحر ہو جائے، حیرت سے منہ تکے اور بے ساختہ کہہ اٹھے۔

ع اے ہم نفس نزاکتِ آواز دیکھنا

میں جب دہلی کی بربادیوں کا رونا روتا ہوں تو یہ بات بھی مزید کہتا ہوں کہ ہائے ہائے اب تو وہ لوگ بھی دلی سے مٹتے جا رہے ہیں جن کی گالیاں کھا کے انسان سر دھنتا پھرے۔ میں دروغ گو نہیں، مبالغہ میری عادت نہیں۔ ان لوگوں کی صحبت اٹھائی ہے جو آپ کو ... [illegible] اور آپ وجد کے عالم میں آنکھیں پھاڑے منہ کھولے انھیں تکتے جائیں گے۔ [illegible] خدا کی قسم یہ بھی [illegible] ... جو کچھ کہا سب آپ کے پلے سے بندھ گیا ... [illegible] ... [illegible] ... تو ... ہیں مزہ لیں گے ... [illegible] ... حلق کرنا پھروں گا۔

ع [illegible]

[illegible] ... نہیں کہتا ... [illegible]

تھی البتہ دلی والوں کی بوتیاں ہیں نے مزہ و سیدھی کی ہیں اور سلوت ... سعادت مندی کی بدولت ہے کہ چند مخصوص گالیوں کی دانشگی پر میں بھی کمال رکھتا ہوں۔ کسی ماہر گالی کار کے سامنے کوئی نغز ڈالا جائے اور مشتعل پر چند ان ... تو قیامت ... سننے پر بھی آمادہ نہ ہو گا اور اگر آپ زبردستی سنائیں گے تو ناحق ان کی طبیعت مکدر ہوگی۔ بالکل یہی حال میرا بھی اس وقت ہوتا ہے جب میں اپنی پسندیدہ گالی کسی نااہل کی زبان پر رقصاں دیکھتا ہوں۔ آپ کہیں گے کہ گالی بھی کیا موسیقی کی دھن ہے کہ اس کے لئے ذوق و ریاض و مشق تک ضروری ہے۔

حضرت میں اس سلسلے میں آپ کے گوش گزار کر دینا چاہتا ہوں کہ اول تو گالی دینا اتنا آسان نہیں جتنا آپ نے سمجھ لیا ہے اور اگر ہے بھی تو صرف اہلِ زبان کے لئے جن کی ہر بات میں ایک عجیب سی چاشنی گھل جاتی ہے۔ بہکے بات پھر اس مقام پر آ گئی جہاں پہنچ کر میں اپنے تئیں کچھ کی کشمکش میں الجھا لیتا ہوں۔ اب کچھ کہوں گا تو خود ستائی ہو گی اور اگر خاموش رہتا ہوں تو حق گوئی پر دھبہ آتا ہے۔ اسی لئے میں اُن تمام مواقع سے کتراتا ہوں جہاں دلی کا ذکر نکلنے کا امکان ہو۔ خیر اب بات نکل ہے تو کہنا ہی پڑے گا۔ سر جائے یا رہے کہ دلی والوں کی زبان کا لوچ، شیرینی اور سبک روی کسی کو کب میسر آ سکتی ہے۔ ایک بات جو دلی والے کہیں باہر والا کہہ تو سکتا ہے پر اس میں اثر کہاں سے لائے گا۔ ہم نے سات پشتوں کا ورثہ پایا ہے جب یہ زبان ہمیں آئی ہے۔

خیر یہ تو ایک جملہ معترضہ تھا اور ذکر اس کا یہ ہے کہ ایک روز شام کے وقت سر بازار چپل قدمی کو چلا جا رہا تھا کہ ناگاہ کانوں میں ایسی آوازیں آئیں جیسے کہیں لڑائی ہوتی ہو۔ میں نے جو مڑ کے دیکھا تو ایک صاحب جو ذیرہ دار کے معلوم ہوتے تھے کسی غریب کو مادر زاد مغلظات سنا رہے تھے۔ گالیاں تو البتہ وہی تھیں جن کی میری زبان ہمیشہ معروفِ سخن سرائی رہی ہے مگر ادا یگی اس قدر نرم تھی کہ اچھی خاصی گالی ... کے مجمع پر بھاری پڑنے والی، ان میاں صاحب کی رال کے ساتھ چبک کے رہ جاتی۔ صاحب گفتار کی ولدیت کا اندازہ مجھے اس وجہ سے ہو گیا کہ ایک تو ان کی وضع قطع سے ہی باہر والے معلوم ہوتے تھے دوسرے ان کی دیسی بولی بھی اس پر صاد کرتی تھی۔ اللہ مجھے معاف کرے ہنسی کا مقام نہیں۔ جائے ماتم و عبرت ہے جب میں کسی ایسے شخص کے منہ سے گالیاں سنتا ہوں تو یوں لگتا ہے جیسے لکھنوی خواجہ سرا میدانِ جنگ میں تیغ اٹھا رہا ہو یا جیسے کربلا بھانڈ نے پانی پت کے معرکے کی نقل اتاری۔ باہر والے میری یہ بات سن کر کہہ سکتے ہیں کہ میاں گالیاں اللہ دلی والوں ہی کو مبارک کرے، ہم دین دنیا میں اس کا لبھا چاہا ہے ... تو دنیا میں اتنا کہوں گا کہ ساتھ ساتھ اللہ آپ کو سنت کی توفیق اور تحمل بھی عطا کرے ورنہ آپ کا پیروی کرنا تو اس میاں وہی ندامت ہو گی جو کوے کو ہنس کی چال چل کر ہوتی ہے۔

ع عیب کرنے کو ہنر درکار ہے

خدانے انگور پیدا کئے۔ بد فعلوں نے انہیں سڑا کر شراب بنا لیا۔ خیر یہاں تک بھی کچھ برا نہ تھا لیکن ستم بالائے ستم بدطینتوں نے اسے پلی کر وہ خرافات بد تمیزی بکنے کہ الاماں والحفیظ۔ اب شراب کے نام کے ساتھ کم ظرفوں کی نازیبا حرکتیں اس طرح وابستہ ہیں جیسے گوشت سے ناخن چسپاں ہوتا ہے۔ قدرت نے لوہا دیا کہ انسان ہتھیار بنا کر خود کو جنگلی جانوروں اور درندوں سے محفوظ رکھ سکے انسان نے ہتھیار بنائے۔ ساتھ ہی کمزوروں اور ناتوانوں کو تختۂ مشق بھی بنا لیا۔ عورتوں، بچوں، بوڑھوں اور اپاہجوں کے سر کاٹے گھر بار کے حیا بنائے اور اپنے نفسِ بد کو سامانِ عیش فراہم کیا، اپنی درندگی کو تسکین پہنچائی۔ گالیاں بھی بخت مشق اور بختِ طبیعت سخن سنجوں کی الہامی کیفیات کا نتیجہ تھیں لیکن جب نااہل بے ہنر بازاریوں کے ہاتھ لگیں تو ان کی وہ حالت خراب ہوئی کہ آج کوئی صورت دیکھنے کا روادار نہیں۔

غالب کو ان کی بزرگی میں کسی نا سمجھ نے ماں کی گالی دے دی۔ مرزا سُن کر تلملا اٹھے۔ اس لئے نہیں کہ انھیں گالی کیوں دی گئی بلکہ اس لئے کہ اس نامراد ناہنجار کو گالی دینے کا بھی سلیقہ نہ تھا۔ مرزا نے اسے مخاطب کیا اور سمجھایا کہ میاں اگر گالی دینے کا شوق ہے تو کم از کم اس فن کے آداب بھی سیکھو۔ صاحب بچے کو ماں کی، جوان کو بیوی یا بہن کی اور بوڑھوں کو بیٹی کی گالی دی جاتی ہے۔

ع سلیقہ شرط ہے ہر ایک امر میں

گالی کی ادبیت، عظمت اور ضرورت سے آپ قائل ہوں یا نہ ہوں لیکن گالی کی افادیت سے آپ کس طرح انکار کر سکتے ہیں۔ گالی تو بے سہاروں کا سہارا ہے۔ گالی محروم و نادار کو ایک سطح پر لے آتی ہے۔ گالی دل کی بھڑاس نکالنے کا واحد ذریعہ ہے۔ طاقت اور دولت کا اگر کوئی منہ توڑ جواب ہے تو صرف ایک مہرہ سی گالی تشنہ جذبات اور ناکام حسرتوں کی اگر تلافی ممکن ہے تو گالیوں کی بدولت۔ گالیاں بے زوروں کو زوردار، بے طاقتوں کو طاقتور اور کمتروں کو سطح کر دیتی ہے۔ اگر آپ انسان کے سماجی حالات اور ارتقا کا بغور مطالعہ کریں تو آپ پر بھی یہ انکشاف ہو سکتا ہے کہ گالی نے ہمیشہ دلجوئی، دلداری اور پشت پناہی کی ہے۔ کسی مغرور پہلوان نے کسی نحیف پر ہاتھ اٹھایا تو اس کی تلافی گالی نے کی ہے۔ کسی دولت مند نے کسی غریب کو جل بھجوایا تو گالی ہی نے اس کا بھی بدلہ چکایا ہے۔ ظالم بادشاہ نے کسی بے گناہ معصوم کو سزائے موت دی ہے تو گالی ہی اس معصوم کی تسکین کو آئی ہے۔ بیوی نے لونڈی کو چار چوٹ کی مار دی۔ لونڈی غریب نے آہستہ سے ایک حرف نہ نکالا البتہ اپنی جلیسوں اور ہم جنسوں کے آگے بیوی کی سات پشتوں کو پن دیا۔ بھوکے سوتوں کو گالیاں بجھاتی ہیں۔ ذرا تعصب کا ذرا سا ہٹ کر سوچیے تو گالی کے انسانیت اور انسانی معاشرے پر کیا کیا احسانات ہیں۔ میں تو کہتا ہوں اگر خدانخواستہ گالی ہمیں جیسے تو بنا بشر محروم رہ جاتی تو شاید ہر سینہ ناکامی اور ہر دل پارہ پارہ ہوتا۔ انسان گھٹ گھٹ کے گھٹ کر ... رہ جاتا ... [illegible] ... جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے۔

گالی کے کچھ اور فیوض و برکات بھی ہیں۔ گالی انسان میں عملی قوت، چستی اور تحریک پیدا کرتی ہے۔ مزدوروں کو دیکھیے وہ ایسے میں ہوائی گالیاں دیں، ... کا نعرہ لگایا اور مشکل سے مشکل کام آسان ہو گیا۔ ہماری روزمرہ کی زندگی میں ان تجربوں کی کمی نہیں۔ ذکر مسائل کا ہو۔ کام کاج میں آلکسی برتتا ہو۔ ذرا گرجتی آواز میں ایک دو موٹی گالی سنا دیجیے گھنٹوں کا کام منٹوں میں ہو جائے گا۔ بلکہ تجربے کیجیے جو نوکری اور سنگ ... گھر کی نوکرانیوں کو عادت ہوتی ہے کہ جب سامنے کا کوئی روٹی تھوپنے آرام سے بیٹھی رہتی ہیں۔ آپ حکم دے دے جائیے مجال ہے کہ ان کے کان پر جوں بھی رینگے۔ ایک چپ سو کو ہرائے۔ اب یا تو اپنا خون جلائیے۔ بات بات پر غصہ کھائیے یا پھر زبان کو دشنام آشنا کیجیے۔ میں سمجھتا ہوں جلنے اور کڑھنے سے بہتر یہی ہے کہ آگے پیچھے گالی لگا کے اپنی بات میں وزن پیدا کر دیجیے۔ پھر دیکھیے ایک پل میں کام اور لطف یہ کہ ہاتھوں ہاتھ ادھر آپ کے منہ سے بات نکلی اور ادھر پوری ہوئی۔

پرانے زمانے کی بیگمیں غالباً اس نکتہ کو خوب سمجھتی تھیں۔ جب کوئی حکم دیا تو اس کے ساتھ دو چار گالیاں بھی جڑ دیں۔ "ارے او نصیبن، کمبخت مُردار، منھ جھلی کہاں مر گئی، حرافہ تجھے آئے موت۔ اللہ کرے کیا چبوترہ خانم بنی بیٹھی ہے، دیکھتی نہیں میرے بچے کا دم بیٹھا جاتا ہے۔ جا دوڑ کے حکیم صاحب کو تو بلا لا۔" اور ہاں دیکھیو ایسے اڑیو جیسے بہیں گھوڑی تھی خدا دیر کی اور میرے بچے کو کچھ ہو گیا تو تیری بوٹیاں کر کے چیل کوؤں کو دے دوں گی۔" اتنا سننا تھا کہ نصیبن یوں گئی جیسے کمان سے تیر، آندھی طوفان بن حکیم صاحب کے مطب پہنچی اور آن کی آن میں انھیں لاموجود کیا۔ میں گالیوں کے مخالفین سے یہ پوچھتا ہوں کیا اس سے بہتر بھی کوئی صورت ایسی ہو سکتی تھی جو نصیبن کے تھکے جسم میں ایسی توانائی پیدا کر دیتی اور جس کی بدولت طبی امداد گالیوں پلک جھپکتے انتظام ہو جاتا۔ یہ تو ادنیٰ سا کرشمہ ان گالیوں کا ہے جو صحبتِ نسواں میں رہتے رہتے اپنا اصل رنگ روپ کھو چکی ہیں۔ اب ذرا تصور کیجیے ان بھاری بھرکم اور باوقار گالیوں کا جو ایک مرد بچے کے منہ سے نکلتی ہیں اور جن کے سننے والے کے اعصاب کا ایک ایک تار جھنجھنا اٹھتا ہے جو مرد اور عورت کے باہمی تعلقات کو بے نقاب کر دیتی ہیں۔ جن کی لذت سے انسانی ذہن خوب آشنا ہے۔

خدا جھوٹ نہ بلوائے میں نے ایسے بیسیوں جھگڑے دیکھے ہیں جن میں سوکھے سہمے لوگ اپنی زبان زوریوں کی بدولت بڑے بڑے مجہول لوگوں پر غالب آگئے ہیں۔ ان کی گرجدار آواز سے خنیم کا زہرہ آب ہوتا ہے۔ جب وہ ہنکارتے ہیں تو اچھے اچھے اُن کے آگے نہیں ٹکتے۔ ان کی فلک شگاف گالیاں ساری فضا کو اسی طرح مکدر کر دیتی ہیں جیسے ہوائی فوج کسی بستی پر دو چار بم گرا دے۔ ان کا جوش و خروش دیکھ کر دشمنوں کے کلیجے دہل جاتے ہیں۔ کہتے ہیں جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں۔ لیکن گرج سن کے ڈٹے رہنا بھی تو ہر ایک کا کام نہیں۔

ع دھمکی میں مر گیا جو نہ بابِ نبرد تھا

گالیوں کا ہمارے اعصاب پر ایک غیر معمولی اثر ہوتا ہے۔ روح کے انقباض اور انبساط میں گالیوں کے تاثر کو بڑا دخل ہے۔ جس طرح جسم سے فاسد مادے کا اخراج لازمی ہے اسی طرح صحتِ روحانی کے لئے فاسد خیالات کا وقتاً فوقتاً نکالا جانا بھی انتہائی ضروری ہے۔ سُنا ہے اگلے لوگ گالیوں ہی کو اس مقصد کے حصول کا ذریعہ بناتے تھے۔ دروغ برگردنِ راوی۔ البتہ حوالات اور شہادت کی موجودگی اس بات کو پایۂ ثبوت تک پہنچاتی ہے۔

کسی کا مقولہ ہے کہ بیوی بغیر سالی کے، اور جھگڑا بغیر گالی کے بے مزا سا رہتا ہے۔ اس قول کے پہلے حصے سے تو مجھے سروکار نہیں یہ تو وہی لوگ بتا سکیں گے جو خوش قسمتی یا بدقسمتی سے شادی شدہ ہیں۔ البتہ دوسرے حصے سے مجھے بال برابر اختلاف نہیں ہے۔ آپ نے سنا ہوگا کہ مشاق سپہ سالار اپنی فوج میں جرأت، دلاوری اور بہادری کے جوہر ابھارنے کے لئے دھواں دھار تقریریں کرتے تھے اپنے سپاہیوں میں جوش و خروش پیدا کرنے کے لئے بزرگوں کی سرفروشی، شجاعت اور جانبازی کے افسانے سناتے تھے رجز اور رزمیہ اشعار پڑھتے تھے۔ بالکل اسی طرح مشاق منصف اور شر پسند اپنے قوی کو کیل و مستعد کرنے کے لئے گالیوں کا سہارا لیتے ہیں۔ گالیوں سے وہ اپنی سوئی ہوئی قوتوں کو بیدار کر کے برسرِ پیکار ہوتے ہیں اور اس طرح کامیابی و کامرانی ہی ان کا مقدر ہو جاتی ہے۔ ع

توفیق باندازۂ ہمت ہے ازل سے

پرانے وقتوں کی شادیوں میں خاص طور سے شہدوں اور ڈومنیوں کا ذکر تو آپ نے سنا ہی ہو گا۔ یہ شہدے مردانے میں گالیاں دے دے کر بیلیں طلب کرتے تھے اور ڈومنیاں عورتوں میں فحش نقلیں اور بیٹھی گالیاں سناتی تھیں۔ بڑھیاں بڈھے اور جوان سب ہی ان سے پیار کے لطف اندوز ہوتے تھے۔ ڈومنیوں نے نقل اتاری، شہدوں نے تن من بھر کی گالیاں دیں اور ساری محفل پر ایک انبساطی کیفیت طاری ہو گئی۔ سرور اور شادمانی کی لہری دوڑ گئی۔ کسی نے بیلیں دیں کسی نے محض واہ واہ اور داد پر ٹال دیا۔ بڈھے بڑھیاں

[illegible]

مضمحل ہو گئے قویٰ غالب
اب عناصر میں اعتدال کہاں

گالیاں سنتے چلے ہیں اور تخیل میں جوانی سامنے گھڑی پاتے ہیں ... کسی قابل نہیں ... شباب آور گالیوں کے طفیل ... ما دلا لیتے ہیں اور تھوڑی دیر کے لئے عہدِ شباب میں لوٹ جاتے ہیں۔ اب بتائیے یہ مسرت، یہ سرور، یہ لذت کیا کسی اور شے میں بھی باقی ہے پھر بھلا انسان اس سے پرہیز کیوں کرے۔ ... [illegible] ...

کہتے ہیں عقل مندوں کو اشارہ کافی ہوتا ہے۔ گالیوں کی اہمیت، مقصدیت اور ادبیت کا اگر آپ کو پہلے احساس نہ ہو گا تو اب ضرور ہو گیا ہو گا۔ البتہ اگر اب بھی کسی کو مجھ سے اختلاف ہے تو اس کے لئے مجھے دوسرا راستہ اختیار کرنا پڑے گا ... [illegible] ... بے بنیاد نہیں ہے۔ مخالف سامنے ... [illegible] ... لیا ہے۔

دو نظمیں

ڈاکٹر نور محمد شیخ - ٹورانٹو

مجھ سے مت پوچھ

مجھ سے مت پوچھ، مری زیست کا حاصل کیا ہے
میں ہوں گم گشتہ مسافر مری منزل کیا ہے

موجِ طوفاں ہے کیا، شورشِ ساحل کیا ہے
اُن کے شانوں سے ڈھلکتا ہوا آنچل کیا ہے

قطرۂ اشک ہے کیا، نالۂ بلبل کیا ہے
حسن والوں کا یہ اندازِ تغافل کیا ہے

مجھ سے مت پوچھ، مری زیست کا حاصل کیا ہے
میں ہوں گم گشتہ مسافر مری منزل کیا ہے

پھول کھلتے ہیں

پھول کھلتے ہیں، مہکتے ہیں، بکھر جاتے ہیں
کتنے ایوان سرِ شام اُجڑ جاتے ہیں

شمع جلتی ہے گھڑی بھر کیلئے محفل میں
لوگ ملتے ہیں سرِ راہ بچھڑ جاتے ہیں

لوٹ کر آنے کا پھر نام تک لیتے نہیں
بعد مرنے کے پریزاد کدھر جاتے ہیں

جیتے جی چین کہاں ملتا ہے دیوانوں کو
موت کے ہاتھوں کئی کام سنور جاتے ہیں

جانے کیا ڈھونڈتی رہتی ہیں نگاہیں میری
اشک پلکوں پہ مری آ کے ٹھہر جاتے ہیں

اور کچھ دیر کا رونا ہے لکھا قسمت میں!
ہم بھی پہنچیں گے وہیں لوگ جدھر جاتے ہیں

تہوار آگیا لیکن وہ شہزادے نہیں آئے

سیدہ فرحت حسنی

شجاعت نام ہے جن کا جو فخرِ عزم و ایماں ہیں
مثیلِ خالد و حیدر ہیں ملت کے نگہباں ہیں
وہ رزمِ آرا ابھی تک ہیں پسِ دیوارِ زنداں ہیں
امیرِ کارواں کی لغزشوں نے دن یہ دکھلائے
تہوار آگیا لیکن وہ شہزادے نہیں آئے

مرے کھیتوں کی مٹی آج بھی سونا اگلتی ہے
زمینِ سندھ میں اب بھی وہی چاندنی چھٹکتی ہے
نسیمِ صبح بھی ارضِ وطن پہ جھک کے چلتی ہے
وطن کے چپے چپے پہ جنھوں نے پھول مہکائے
تہوار آگیا لیکن وہ شہزادے نہیں آئے

مرے پنجاب و سرحد کے جیالے قید ہیں اب تک
بلوچستان اور مہران والے قید ہیں اب تک
دلوں کے چین آنکھوں کے اجالے قید ہیں اب تک
ارے اُس اندرا گاندھی کو کوئی جا کے سمجھائے
تہوار آگیا لیکن وہ شہزادے نہیں آئے

بڑے ثابت قدم ہیں وہ عدو کے وار سہہ کر بھی
کبھی ہارا ہے کوئی نعرۂ تکبیر کہہ کر بھی؟
زمیں دو گز پہ قبضہ کر لیا ہے قید رہ کر بھی!
لہو سے کتنے پرچم جیل میں بھارت کی لہرائے
تہوار آگیا لیکن وہ شہزادے نہیں آئے

نہیں جانے کتنی ہی ماؤں کے گلشن جو نہیں جھکے
سجا کر پھول سہرے کے بڑے ارمان سے رکھے
نظر پتھرا گئی ہے لمحہ لمحہ راہ کو تکتے
مگر وہ پھول سہرے کے لحد پہ ماں کی کام آئے
تہوار آگیا لیکن وہ شہزادے نہیں آئے

ابھی کھلنے ہی پایا تھا کہ ظالم نے چمن لوٹا!
عروسِ نو کے ہاتھوں کا حنائی رنگ تک چھوٹا
اُفق میں دور اک تارا کسی کی آس کا ٹوٹا!
ہزاروں ننھی بہنیں قبلہ رُو ہیں ہاتھ پھیلائے
تہوار آگیا لیکن وہ شہزادے نہیں آئے

سُنا ہے جنگ کے شعلے جہاں سے بجھتے جاتے ہیں
رہائی سب اسیرانِ فریقِ جنگ پاتے ہیں
زمینِ ہند چینی کے جواں بھی گھر کو آتے ہیں
کوئی تو جا کے زنداں سے ذرا اُن کی خبر لائے
تہوار آگیا لیکن وہ شہزادے نہیں آئے

چلو تو چل کے پوچھیں مجلسِ اقوامِ عالم سے
نگہداران منشورِ حقوقِ ابنِ آدم سے
سفیرانِ گرامی سے کبیرانِ معظم سے
جنیوا عہد آخر کس جگہ پر تم نے دفنائے
تہوار آگیا لیکن وہ شہزادے نہیں آئے

جامع مسجد ٹورانٹو

ٹورانٹو کے مسلمانوں کو یہ جان کر مسرت ہوگی کہ جامع مسجد یہاں کے مسلمانوں کی ایمانی تقاضوں اور دینی فرائض ادا کرنے کے لیے مکمل ہو گئی ہے۔ مسلم سٹوڈنٹ ایسوسی ایشن (M.S.A) کی درخواست پر جلالتِ مآب شاہ فیصل نے اس کی خریداری کے لیے ایک لاکھ پچیس ہزار ڈالر (۱۲۵،۰۰۰) کی رقم عطا فرمائی ہے۔ اس امداد کی وجہ سے ایم ایس اے اس قابل ہو گئی کہ مزید آٹھ ہزار ڈالر (۸،۰۰۰) کی رقم دو مہینے کے لیے بطور قرضِ حسنہ حاصل کر کے ایک لاکھ چالیس ہزار ڈالر (۱۴۰،۰۰۰) میں مسجد کو خرید لے۔

کینیڈا کے مسلمانوں اور خصوصاً ٹورانٹو کے مسلمانوں سے استدعا ہے کہ وہ اپنی اس مسجد کو قرض سے سبکدوش کرنے کے لیے مندرجہ ذیل پتہ پر چندہ روانہ فرمائیں۔ یہ چندہ ٹیکس فری ہوگا۔

M.S.A.Islamic Services.
P.O.Box.688.
Station K ,Toronto. Ont.

پاکستان جانے کے خواہش مند بہاری

بنگلہ دیش سے زبردستی نہیں نکالے جائیں گے

لندن میں روزنامہ جنگ کے نمائندے کی اطلاع ہے کہ شیخ مجیب الرحمٰن کے خصوصی ایلچی مسٹر ابو سعید چودھری نے برطانوی حکومت کو یقین دلایا ہے کہ بنگلہ دیش حکومت ان بہاریوں کو زبردستی ملک بدر نہیں کرے گی جنہوں نے بنگلہ دیش کی بجائے پاکستان کو اپنی شہریت کیلئے منتخب کیا ہے۔ مسٹر صدیقی نے گزشتہ ہفتہ ٹوری پارٹی کے وزیر اعظم مسٹر ہیتھ اور نائب وزیر خارجہ لارڈ بالفور سے ملاقات کی اور انھیں بتایا کہ دو لاکھ ہزار بہاریوں نے جو بنگلہ دیش سے پاکستان جانے کی خواہش ظاہر کی ہے۔ انھوں نے مزید بتایا کہ پاکستانی جنگی قیدیوں پر جنگی جرائم کے سلسلہ میں ۱۹۵ افراد کی جو فہرست تیار کی گئی تھی اس پر نظر ثانی کی جا رہی ہے تاکہ ان کی کم سے کم تعداد پر مقدمات چلائے جا سکیں۔ انھوں نے برطانوی حکام کو مزید بتایا کہ ان مقدمات کی سماعت جلد سے جلد مکمل کی جائے گی اور بیرونی ملک سے مبصرین کو کارروائی دیکھنے کیلئے مدعو کیا جائے گا۔ مگر مقدمات کی سماعت بنگلہ دیش ہی کرے گا۔ معلوم ہوا ہے کہ برطانوی حکومت کی طرف سے اس بات پر زور دیا گیا کہ برصغیر میں امن کی خاطر پاکستانی جنگی قیدیوں کے خلاف جنگی جرائم کے سلسلہ میں مقدمات نہ چلائے جائیں کیونکہ اس طرح برصغیر کی فضا مکدر ہوگی اور مفاہمت کے راستے میں رکاوٹیں پیدا ہوں گی۔ لندن کے باخبر حلقوں کی اطلاع کے مطابق مسٹر صدیقی نے برطانوی وزیر اعظم ایڈورڈ ہیتھ کو شیخ مجیب الرحمٰن کا پیغام پہنچایا جو برصغیر میں تعلقات معمول پر لانے کیلئے بھارت، بنگلہ دیش مشترکہ تجاویز سے متعلق ہے۔

تلخ و شیریں

نغمہ درانی

آٹا ــــ ہائے آٹا
روٹی ــــ ہائے روٹی

کئی دن سے ہم یہی سوچ رہے ہیں کہ آٹا کہاں چلا گیا۔ ہم نے لوگوں سے پوچھا، روٹی پکانے والوں سے پوچھا، سرکار سے پوچھا۔ آٹا اب بھی غائب ہے اور پھر ہم نے سوچا کہ جانے دیجئے یہ بھی ایک بات ہی ہے۔ لکھیں بھی تو کیا لکھیں۔ اب کوئی ایسی بات بھی تو نہیں رہی جس پر لکھا جا سکے۔ آٹا کہاں گیا یہ بات تو بلوچستان والے بھی نہیں جانتے۔

ہمارے پاس وفود اس طرح آتے رہے جیسے سید عبداللہ شاہ نے آٹے کے تمام ذخیرے ہمارے سپرد کر دیئے ہوں۔

ہم نے پیش و پیش کیا کہ مر جائیں گے سرکار کو رسوا نہ کریں گے۔

آٹا مانگنے والوں کو مشروب تک کہہ دیا مگر وہ باز نہ آئے۔

بھولے بھالے عوام سے ہم نے کہا۔
آٹا نہیں ہے تو کیا ہوا۔ کیک پیسٹری کھاؤ۔
وہ کہنے لگے کہ اس کے لئے بھی آٹا درکار ہے۔
ہم نے پھر رہنمائی کی کہ کوئی ایسی شے کھائی جائے جس میں آٹا نہ ہو۔
آٹا کوئی اچھی چیز بھی نہیں ہے۔
گندم سے بنتا ہے۔
گندم فساد کی جڑ ہے۔
یہ نہ ہوتا تو جنت میں رہتے میوہ کھاتے۔

سب لوگ چلے گئے تو ہم نے سوچا۔
عوام بھی عجیب شے ہیں۔
آٹا ملے تو کہتے ہیں پیٹ میں مروڑ ہے۔ اور جب عوام کے سچے ہمدرد آٹا غائب کر دیتے ہیں یا اس کی تقسیم سے ہاتھ روک لیتے ہیں تو شور کرتے ہیں کہ آٹے والو آٹا دو تاکہ ہم پیدا ہو جائیں۔
عوامی دور میں بھی عوام کی سوچ کا انداز نہیں بدلا۔
وہی روٹی ــــ وہی آٹا
ہائے روٹی ــــ ہائے آٹا

دفتر کی سوچ اور گھر کی سوچ میں فرق ہوتا ہے
دفتر کی سوچ شاعرانہ ہوتی ہے۔
گھر کا انداز فکر حقیقت پسندانہ۔
گھر گئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ جیسے کے جیسے جو ساتھ لاکھوں دعائیں دیتی ہوئی چٹکی بھر آٹا لیتے آتی تھی وہ ہماری بیگم کو چٹکیوں میں اڑا رہی ہے۔
بیگم کا اصرار ہے کہ چٹکی چٹکی جو آٹا ماسی نے جمع کیا ہے وہ راشن کے بھاؤ دے جائے اور اس کے پیسے لے جائے اور ماسی کہہ رہی ہے کہ پیٹ کا دوزخ بھرنے کے لئے تو بھیک مانگتی ہے۔
آٹا نہ ہوگا تو کیا نوٹ چاٹ کر گزارا کرے گی۔

پاکستانی فوج سے تعاون کرنیوالوں کے لئے عام معافی

حامی پانے والے تمام افراد کو بنگلہ دیش سے وفاداری کا اعلان کرنا ہوگا

نیک چلنی کے ذاتی مچلکے دینے ہوں گے، بنگلہ دیش کی پالیسی میں اہم تبدیلی

صدر پوڈگورنی کابل پہنچ گئے

صدر بھٹو کا دورۂ ایران محض تقریب تھی، کیہان انٹرنیشنل کا اداریہ

شہنشاہ اور صدر نے مذاکرات میں فوری دفاعی تعاون پر زیادہ توجہ دی

بیرونی ملکوں میں کام کرنے والے پاکستانی

اگر ایران سے فوجی معاہدہ ہوا ہے تو یہ مستحسن اقدام ہے

بھارت کی دفاعی تیاریوں کے پیش نظر ایسے معاہدوں کی مخالفت کرنیوالے پاکستان کے دشمن ہیں

اگر اب تک نہیں ہوا ہے تو سوچا جانا چاہئیے۔ مولانا احتشام الحق تھانوی کا بیان

جی ایم سید نظر بند کر دیئے گئے

جماعت اسلامی بلڈ بنک قائم کرے گی

ہر شعبہ میں بھارتی مداخلت جاری ہے، ماسکو میں بنگلہ دیش کے وفد کی شکایت

مستقل آئین کی منظوری سے دنیا میں پاکستان کا وقار بڑھ گیا، پاکستانی مندوب کا بیان

سرحد پاکستان سے کب الگ ہو رہا ہے، ماسکو میں بھارتی مندوب کا سوال

بھارتی طیارہ گنگا کے اغواء کے مقدمہ کا فیصلہ سُنا دیا گیا

ہاشم قریشی کو ۱۹ سال قید بامشقت کی سزا، ملزم بھارتی ایجنٹ تھا

ہاشم نے بھارتی محکمہ جاسوسی کی ہدایات پر عمل کر کے کشمیریوں اور پاکستانیوں کو دھوکہ دیا، عدالت کا فیصلہ

رائے شماری محاذ اور قومی محاذ آزادی کے رہنما محب وطن ہیں

اشرف، مقبول بٹ، عبدالقیوم، عبدالمنان اور غلام محمد لون کو قید تابرخواست عدالت



محمد اشرف طیارہ کی تصویر میں



فروری ۱۹۷۱ء میں بھارتی طیارہ گنگا اغوا کر کے لاہور ائیرپورٹ پر اتارنے کے بعد محمد ہاشم اغوا شدہ طیارے کے دروازے میں بیٹھا ہوا ہے

فلپائن میں ایک ہزار مسلمان شہید

بھارت میں ایک سو نئے ریڈیو اسٹیشن قائم ہونگے

قیمتوں میں ۵۰ فیصد اضافہ کی ذمہ داری حکمران پارٹی پر ہے

کرنسی کی قیمت کم ہونے سے قرضوں کا بوجھ دوگنا ہو گیا، جلسہ عام سے میاں طفیل کا خطاب

برطانیہ میں مقیم آزاد کشمیری باشندوں کو

بھارتی شہریت قبول کرنے کا لالچ دیا جا رہا ہے

فضل القادر چودھری بنگلہ دیشی حکومت سے تعاون پر آمادہ ہو گئے؟

مولوی فرید احمد زندہ اور تندرست ہیں، ملک غلام جیلانی کے انکشافات

پاکستان کوشش کرے تو ۱۹۵ جنگی قیدی بھی رہا ہو سکتے ہیں

بی بی سی، بھارتی ریڈیو اور بنگالی

بنگالی افسروں کی گرفتاری کی تردید

فیکٹریوں کے منافع میں مزدوروں کا حصہ

کارکن اپنے حصہ کی رقم جب چاہیں وصول کر سکتے ہیں

کوسیگن کو مجیب کا خط پہنچا دیا گیا

عوامی لیگی لیڈروں کی جان خطرے میں

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

صدائے پاکستان: پوسٹ بکس ۲۰۳ [illegible]

یکے از مطبوعات فرینڈز آف پاکستان

ڈھاکہ حکومت کیا چاہتی ہے؟

ڈھاکہ کی حکومت نے [illegible] تمام افراد کیلئے عام معافی کا اعلان کیا ہے جنھیں پاکستان کے ساتھ تعاون [illegible] گیا یا جنھیں [illegible] کی [illegible] دی گئی تھی [illegible] تمام افراد [illegible] کی رہائی [illegible] ان کے ساتھ [illegible] اس سلسلہ میں [illegible] ان کو کچھ دوسرے مقدمات میں پھانسا گیا ہے۔ ڈھاکہ کی حکومت کے اس اقدام کے [illegible] میں صرف یہی کہا جا سکتا ہے کہ اس نے اپنی ایک بڑی غلطی کی اصلاح کرلی ہے خواہ بڑی دیر سے اور بعد از خرابیٔ بسیار ہی سہی۔ لیکن یہ اصلاح بھی مکمل نہیں بلکہ جزوی ہے۔ ڈھاکہ کے حکام اپنی غلطی کا پوری طرح ازالہ صرف اسی صورت میں کرسکیں گے جبکہ وہ ایک طرف پاکستانی جنگی قیدیوں پر مقدمہ چلانے کا خیال ترک کردیں اور دوسری طرف اُن تمام بنگالی اور غیر بنگالی پاکستانی حکام اور باشندوں کو رہا کردیں جنھیں انصاف کے تمام تقاضوں کو پامال کرتے ہوئے مختلف جھوٹے مقدمات میں پھانسا گیا ہے اور جیلوں میں ٹھونسا گیا ہے۔


اس حقیقت سے ہر شخص اچھی طرح واقف ہے کہ مجیب حکومت کے برسرِ اقتدار آنے کے بعد بنگالی اور غیر بنگالی پاکستانی باشندوں کی اندھا دھند گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں۔ جس شخص پر جو الزام چاہا لگا دیا گیا۔ پھر سرسری سماعتوں کے دوران جھوٹی شہادتوں اور بغیر کسی شہادت کے بھی عمر قید تک کی ظالمانہ سزائیں دیدی گئیں۔ اس بات سے بھی ڈھاکہ کے حکام اچھی طرح واقف ہیں کہ تمام مبینہ جرائم ایک عام ہنگامہ اور جنگ کے دوران ہوئے تھے۔ ایسے حالات میں جو جرائم سرزد ہوتے ہیں اُن کے بارے میں ٹھوس اور غیر مشتبہ شہادتوں کا فراہم کرنا تقریباً ناممکن ہوتا ہے، جبکہ عدل و انصاف کا بنیادی اصول یہ ہے کہ ٹھوس اور مشتبہ سے بالا شہادتوں کے بغیر کسی کے خلاف کوئی سزا نافذ نہیں کی جا سکتی۔ جن لوگوں کو سزائیں دی گئی ہیں یا جو مقدمات میں ماخوذ کئے گئے ہیں، نہ انھیں اپنے قانونی دفاع کی پوری سہولتیں حاصل ہوئی ہیں اور نہ وہ، اُس فضا میں جو نفرت، تعصب اور انتقام سے بھری ہوئی تھی اور اب بھی ہے اطمینان بخش طریقے پر اپنا قانونی دفاع کرنے کے قابل رہے ہیں۔ اگر اس بارے میں انہیں قانونی دفاع کی پوری سہولتیں حاصل ہوتیں تو وہ یقیناً اُن مبینہ جرائم سے بری کردیے جاتے جن کے اصل مرتکب وہ نہیں بلکہ باہر کے افراد، اور بھارتی ایجنٹ تھے۔ ان حقائق کی موجودگی میں ڈھاکہ کے حکام کو یہ حق کیسے حاصل ہو سکتا ہے کہ وہ ہزاروں پاکستانی باشندوں کو کچھ دوسرے مقدمات کا بہانہ بناکر اپنی قید میں رکھیں؟

اصولی بات تو یہ ہے کہ جن افراد نے پاکستان کا ساتھ دیا تھا، انھوں نے کوئی جرم نہیں کیا [illegible] کے لئے انہیں ڈھاکہ کے حکام کی جانب سے عام معافی [illegible] ایسے تمام افراد کے لئے معافی کا کوئی سوال [illegible] بنیادی سوال [illegible] ڈھاکہ کی حکومت [illegible] پاکستانی حکام اور پاکستانی جنگی قیدیوں پر [illegible] سزائیں [illegible] کوئی قانونی [illegible] عدالت کے سامنے پیش کرنا ہے۔ پاکستان کا موقف یہ [illegible] جرائم [illegible] حکومتِ پاکستان کے دائرہ میں [illegible] اور صرف اسی کو اپنے باشندوں پر مقدمہ چلانے کا حق حاصل ہے [illegible] حکومت [illegible]

جن کا اُس وقت وجود ہی نہیں تھا، مقدمے چلانے اور سزائیں دینے کا کوئی حق نہیں رکھتی۔ یہ حق نہ آپ جنیوا کنونشن کے تحت حاصل ہوتا ہے اور نہ نسل کشی کے قانون کے تحت۔ بہرحال ڈھاکہ کی حکومت کے حق میں یہ بہتر ہوگا کہ وہ بین الاقوامی عدالت کے فیصلے سے قبل اپنی غلطی کی مکمل اصلاح کرلے، تمام پاکستانی حکام اور باشندوں کو رہا کردے اور جنگی قیدیوں پر مقدمہ چلانے کا فیصلہ بدل دے اور جلد پاکستان کے ساتھ تعلقات بحال کرلے۔ اس وقت بنگال کے فاقہ زدہ عوام کو پاکستان سے دوری کی نہیں بلکہ تعاون کی شدید ضرورت ہے۔

مسائل وافکار

دورۂ ایران کے بعد



[illegible]

سنہ ۱۹۷۱ء کے سانحہ کے ذمہ دار یحییٰ، حمید اور نیازی ہیں

یحییٰ خاں نے [illegible] کے لئے [illegible] میجر جنرل [illegible] کا انکشاف

[illegible]

روس پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہیں چاہتا

پمفلٹ کے بارے میں روسی سفارتخانے کی وضاحت

[illegible]

سینیٹ کے انتخابات کے بعد عام انتخابات ہونگے

[illegible]

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار


پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹورنٹو

کینیڈا

شمارہ ۷ جلد ۲ | یکم جون ۱۹۷۳ء | ۱۵ سینٹ



میں اپنے دورۂ پاکستان کا منتظر ہوں

صدر بھٹو کو شہنشاہ ایران کا پیغام

اسلام آباد۔ ۵ مئی (اے پی پی) شہنشاہ ایران نے صدر بھٹو کے نام ایک پیغام میں کہا ہے کہ ملکہ اور شاہ بانو اپنے دورۂ پاکستان کا بڑی شدت سے انتظار کر رہے ہیں۔ مناسب وقت پر وہ ایک بار پھر پاکستان آئیں گے۔ صدر پاکستان نے ایران سے روانگی پر جو پیغام بھیجا تھا اس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے شہنشاہ نے کہا ہے کہ مجھے اور ملکہ کو اپنے ملک میں آپ کا اور بیگم بھٹو کا استقبال کرکے دلی مسرت حاصل ہوئی ہے ایرانی عوام کو آپ کے اس دورے کی بہت سی یادیں ہمیشہ تازہ رہیں گی۔ میں اور شاہ بانو برادر ملک پاکستان کے دورے کا شوق سے انتظار کر رہے ہیں ہم مناسب موقع پر ایک بار پھر پاکستان آئیں گے۔ اس سے قبل صدر بھٹو نے ایران سے روانہ ہوتے وقت شہنشاہ کے نام ایک پیغام میں کہا تھا کہ [illegible] آپ کا اور شاہ بانو کا [illegible] ہم مستقبل قریب میں پاکستان میں آپ کا اور شاہ بانو کا استقبال کرنے کے منتظر ہیں۔

مولانا بھاشانی کو تشویشناک حالت میں ہسپتال میں داخل کر دیا گیا

ڈھاکہ اور دوسرے شہروں میں مسلح جھڑپیں

نیپ کی اپیل پر پورے بنگلہ دیش میں عام ہڑتال شہری زندگی معطل ہو گئی

میں عظیم تر بنگال کی تحریک فراموش نہیں کروں گا بھاشانی

بھوک ہڑتال ختم کرنے کی اپیل مسترد نیپ کے کئی کارکن گرفتار

ڈھاکہ ۱۰ مئی (اے پی اے پی ریڈیو رپورٹ) آج ڈھاکہ اور بنگلہ دیش کے دوسرے شہروں میں بھاشانی کی اپیل پر عام ہڑتال ہوئی جس کے دوران مجیب اور بھاشانی کے حامیوں کے درمیان مسلح جھڑپیں ہوئیں جن میں ۱۳ افراد ہلاک و زخمی ہوئے جگہ جگہ آتشزنی اور فائرنگ کی وارداتیں ہوئیں۔ نیشنل عوامی پارٹی کے سربراہ مولانا عبدالحمید بھاشانی کو تشویشناک حالت میں ہسپتال میں داخل کر دیا گیا ہے۔ [illegible]

[illegible]

لکھنؤ میں فوج طلب کر لی گئی یونیورسٹی کی کئی عمارتیں نذر آتش

طلبا اور پولیس میں خونریز جھڑپیں متعدد طلبا گرفتار کر لئے گئے

[illegible]

آغا خان کل ایران کے دورے پر روانہ ہوں گے

[illegible]

پشاور میں ہولناک طوفان سوا سو افراد ہلاک و زخمی

۵۰ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے طوفان اور موسلا دھار بارش سینکڑوں مکان منہدم شہر باقی ملک سے کٹ گیا

تناور درخت جڑ سے اکھڑ گئے اور مکانوں کی چھتیں اڑ گئیں

فصلوں کا بھاری نقصان صوبائی حکومت کی طرف سے امداد کا اعلان

[illegible]

اسلامی ترقیاتی بینک اسی سال قائم ہو جائے گا

[illegible]

عوامی لیگ ضمنی انتخاب ہار گئی

[illegible]

دوہری شہریت رکھنے والے پاکستانیوں پر نئے قانون کا اثر نہیں پڑے گا

پاکستانی وزارت داخلہ کے سیکرٹری بات چیت کے لئے برطانیہ جا رہے ہیں

[illegible]

پاکستان کے خلاف بھارتی طلبہ [illegible]

[illegible]

کراچی میں ایک ادبی [illegible]

[illegible]